09.03.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......آسیہ میمونہ

Music

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں کشیدگی کو کم کرنے کیلئے بات چیت اور سفارتکاری اہمیت کے حامل ہیں۔

☆ مغربی ایشیا کی صورتحال پر بحث کا مطالبہ کرتے ہوئے اپوزیشن پارٹیوں کی جانب سے شور وغل کے پیش نظر لوک سبھا کی کارروائی بار بار ملتوی کرنا پڑی۔ راجیہ سبھا میں ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کی وزارت کے کام کاج پر بحث ہوئی۔

☆ مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کے پیش نظر کولکتہ میں سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں نے انتخابی کمیشن سے ملاقات کی۔

☆ مغربی ایشیا جنگ کے دسویں روز تیل کی قیمتیں 120 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئیں۔ گھریلو حصص بازار میں ایک اعشاریہ سات فیصد سے زیادہ کی گراوٹ آئی۔

☆ اور خواتین ہاکی میں حیدرآباد میں FIH عالمی کپ کوالیفائر کے تحت بھارت اور اسکاٹ لینڈ کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے......

Rev. Jaishankar RS LS

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ حکومت مغربی ایشیا میں رونما ہونے والے واقعات پر قریبی نگاہ رکھے ہوئے ہے اور متعلقہ وزارتیں موثر کارروائی کو یقینی بنانے کیلئے باہمی تال میل قائم کیے ہوئے ہیں۔ انہوں نے مغربی ایشیا کی صورتحال کے سلسلے میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں ایک بیان دیا۔ انہوں نے کہا کہ صورتحال کی سنگین نوعیت کو دیکھتے ہوئے حکومت، اپنے شہریوں کی سیفٹی اور سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے کام کررہی ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے خطے میں کشیدگی کم کرنے کیلئے مذاکرات اور سفارتی عمل پر زور دیا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ وزارت خارجہ نے صورتحال کی نگرانی اور سوالات کے جواب دینے کیلئے ایک وقف خصوصی کنٹرول روم قائم کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کل تک تقریباً 67 ہزار بھارتی شہری وطن واپس آچکے ہیں۔ وزیر خارجہ نے اپنے ایوان زیریں میں بھی مغربی ایشیا کی صورتحال سے متعلق بیان دیا۔×

LS Adjourn

اپوزیشن اراکین کے ذریعے مغربی ایشیا کے بارے میں بحث کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کے بعد لوک سبھا کی کارروائی پورے دن کیلئے ملتوی کردی گئی۔ دوپہر 3 بجے کارروائی دوبارہ شروع ہونے کے بعد Presiding افسر جگدمبکا پال نے کانگریس کے پارلیمانی رکن محمد جاوید سے اسپیکر اوم برلا کو ہٹائے جانے سے متعلق قرارداد پیش کرنے کیلئے کہا۔ البتہ اپوزیشن اراکین نعرے لگاتے ہوئے ایوان کے وسط میں آگئے، جس کے سبب ایوان کی کارروائی کو کل دن میں 11 بجے تک کیلئے ملتوی کردیا گیا۔ ایوان میں شیلونگ کے پارلیمانی رکن ڈاکٹر Ricky Andrew J Syngkon اور 4 سابق ممبروں کو خراج عقیدت پیش کیا اور ICC مردوں کے ٹی–ٹوئنٹی عالمی کپ جیتنے پر بھارتی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دی۔×

with add Rs Discussion Environment

راجیہ سبھا میں ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق وزارت کے کام کاج پر بحث ہوئی۔ بحث کا آغاز کرتے ہوئے BJP کے گھنشیام تیواری نے کہا کہ زمانۂ قدیم سے بھارتی ثقافت فطرت اور ماحولیات سے منسلک ہے۔ انھوں نے جنگلاتی علاقے میں اضافے سمیت ماحولیات کو تحفظ فراہم کرنے کی خاطر حکومت کی کوششوں کو سراہا۔ اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ حکومت کو پانی کی یقینی فراہمی پر لازمی طور پر توجہ دینی چاہیئے۔ YSRCP کے Ayodhya Rami Reddy Alla نے کہا کہ 18 فیصد عالمی آبادی اور صرف چار فیصد قابل استعمال پانی کے ساتھ نیتی آیوگ نے پانی کے بحران کی پیشگوئی کی ہے جس سے ملک میں 60 کروڑ افراد متاثر ہوں گے۔ انھوں نے کہا کہ پانی کی یقینی فراہمی، ماحولیات سے متعلق اقدامات کے بغیر ممکن نہیں۔

BJD کے ممبر Subhashis Khuntia نے کہا کہ اقتصادی ترقی اور ماحولیاتی تحفظ کے درمیان توازن قائم کرنا، ملک کو درپیش سب سے بڑا چیلنج ہے۔ انہوں نے اُڈیشہ میں ساحلی کٹاؤ کا معاملہ اُٹھاتے ہوئے کہا کہ یہ ریاست کی ساحلی پٹی کو متاثر کررہی ہے۔ دلّی میں ہوائی آلودگی کے معاملے کو اُٹھاتے ہوئے عام آدمی پارٹی کی پارلیمانی رکن سواتی مالیوال نے کہا کہ 2023 میں شہر میں ہوئی اموات میں سے 15 فیصد اموات فضائی آلودگی کی وجہ سے ہوئیں۔ انہوں نے عوامی ٹرانسپورٹ کو مستحکم کرنے کیلئے گاڑیوں کے سبب آلودگی کو کنٹرول کرنے پر زور دیا۔ نامزد رکن اُجول نِکم نے کہا کہ قدرت کے ساتھ بھارت کے تہذیبی تعلق کو بیان کیا۔ JD(S) کے رہنما اور سابق وزیر اعظم ایچ ڈی دیویگوڑا نے کرناٹک میں انسان و جانور کے درمیان ٹکراؤ کے معامل کو اُٹھایا۔ انہوں نے کرناٹک میں کانگریں حکومت پر Mekedatu اور دیگر پروجیکٹوں سے متعلق سوال کیا۔×

PM Webinar

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ گذشتہ کچھ برس میں بھارت کا صحت کی دیکھ بھال سے متعلق بنیادی ڈھانچہ مستحکم ہوا ہے۔ جناب مودی، سب کا ساتھ، سب کا وِکاس– لوگوں کی امنگوں کی تکمیل پر بجٹ کے بعد کے ایک ویبینار سے ورچوئل وسیلے سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ لوگوں کی امنگوں کو پورا کرنا صرف ایک

بحث کا معاملہ نہیں ہے بلکہ بجٹ کی اصل بنیاد اور حکومت کا عزم ہے۔

S/B PM Modi on Healthe Sector

کیئر اکنامی پر اضافے پر زور دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ Care Givers کی بڑھتی ہوئی عالمی مانگ، ملک بھر کے لاکھوں نوجوانوں کیلئے ہنر پر مبنی روزگار کے نئے مواقع پیدا کر رہی ہے۔x

Rev. Kolkata ECI Review

بھارتی انتخابی کمیشن نے یہ واضح کردیا ہے کہ خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کا مقصد، اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ کوئی بھی اہل ووٹر حقِ رائے دہی سے محروم نہ رہ جائے اور کوئی بھی غیر اہل فرد ووٹر فہرست میں شامل نہ کیا جائے۔ کمیشن نے یہ بھی مطلع کیا کہ ووٹر فہرست میں نام شامل کرنے، خارج کرنے اور کوئی بھی تبدیلی کرنے سے متعلق فارم – 8 / 7 / 6 کیلئے ضروری عمل جاری ہے۔ آج کولکاتہ میں اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے انتخابی کمشنروں ڈاکٹر سُکھبیر سنگھ سَندھو اور ڈاکٹر وِویک جوشی کے ساتھ مغربی بنگال میں آنے والے اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جامع جائزہ لیا۔ اِس سے پہلے، کمیشن نے تسلیم شدہ قومی اور ریاستی سیاسی پارٹیوں کے نمائندوں کے ساتھ صلاح و مشورہ کیا، تاکہ انتخابی عمل کیلئے تجاویز حاصل کی جاسکیں۔

اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے متعلقہ فریقین کو غیر جانبدار اور شفاف عمل کا یقین دلایا اور ووٹروں اور عملے کے خلاف کسی بھی تشدد یا حراساں کیے جانے کے تئیں قطعی عدم برداشت کی پالیسی پر زور دیا۔×

VP Navy

نائب صدر سی پی رادھاکرشنن نے آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں منعقدہ سرگم 2026 کا مشاہدہ کیا۔ یہ ایک موسیقی کا پروگرام تھا، جس میں بھارتی بحریہ کے Symphonic Orchestra نے بھارتی بحریہ کی مالامال روایات کو کلاسیکل اور موجودہ موسیقی کے امتزاج پر مبنی پرفارمنس پیش کی۔اِس پروگرام میں بھارتی موسیقی کے امتزاج سے لے کر برازیل کے سامبا تک موسیقی کے پروگرام پیش کیے گئے۔ پروگرام میں تمل موسیقی کے استاد جناب ایم ایس وشو ناتھن کی Rajavin Parvai اور لوک دھنیں بھی پیش کی گئیں۔×

Iran Israel Strikes

ایران کے نئے رہبرِ اعلیٰ کے طور پر مجتبیٰ خامنہ ای کے نام کا اعلان کیے جانے کے چند گھنٹے کے بعد، ایران نے اسرائیل اور خلیجی خطے کے حصوں کو نشانہ بناتے ہوئے میزائل اور ڈرونز سے تازہ حملے کیے، جس کے نتیجے میں مغربی ایشیا میں کشیدگی میں مزید شدت آ گئی۔ اسرائیل کے تل ابیب اور Haifa سمیت مختلف شہروں میں فضائی حملوں کے سائرن سنائی دے رہے ہیں۔ اسرائیل حکام نے کہا کہ ناکارہ بنائے گئے میزائلوں کے ملبے سے ایک خاتون زخمی ہوگئی۔ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، بحرین، کویت، قطر سمیت متعدد خلیجی ملکوں میں اس دوران میزائلوں، ڈرونز اور فضائی دفاعی نظام کو سرگرم کرنے کی اطلاعات ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC Vinod Kumar

سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی نے کہا ہے کہ یہ حملے خطے میں اسرائیلی ٹھکانوں اور اُس کے حامیوں کے مراکز کے خلاف ایک مربوط کارروائی کا حصہ تھے۔ بحرین نے بھی المعامیر تیل کمپلیکس پر ڈرون حملے کی خبر دی ہے۔ کویت کی قومی تیل کمپنی نے کہا ہے کہ اُس نے بحری راستوں کے خدشات کے سبب احتیاط کے طور پر خام تیل کی پیداوار کم کردی ہے۔ خام تیل کی قیمتیں چار سال میں سب سے زیادہ 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کرگئی۔

اِس دوران، روسی صدر ولادیمیر پتن نے ایران کے نئے رہبر اعلیٰ کو مبارکباد دی ہے اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ IRGC نے نئی قیادت کو مکمل حمایت کا عزم کیا ہے اور کہا ہے کہ ملک ایک طویل جنگ کیلئے تیار ہے۔

ایرانی عہدیداران نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ اب تک صرف پہلے اور دوسرے سلسلے کے میزائل استعمال کئے گئے ہیں۔ وہیں جنگ کو روکنے کیلئے سفارتی کوششیں مسلسل غیریقینی کا شکار ہیں۔

دُبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں........

G7 Emergency Meet

ایران کے ساتھ امریکہ–اسرائیل جنگ میں تیزی آنے کے سبب خام تیل کی قیمتیں 100امریکی ڈالر فی بیرل سے اوپر ہونے کے بعد G7ممالک آج ایک ہنگامی میٹنگ کریں گے۔ برطانیہ کی چانسلر Rachel Reeves سمیت سرکردہ صنعتی ممالک کے وزرائے خزانہ، جنگ کے اقتصادی اثرات پر تبادلہ خیال کیلئے یکجا ہوں گے۔ آبنائے ہرمز کے راستے توانائی کی سپلائی میں طویل وقت تک رکاوٹ پڑنے کے خدشات کے پیش نظر آج تیل کی عالمی قیمتیں 120امریکی ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئیں۔x

Indian Embassy Iran

تہران میں بھارتی سفارتخانے کی بھارتی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ سفارتخانے سے پیشگی رابطے کے بغیر ملک سے باہر جانے کیلئے ایران کی زمینی سرحدوں کا استعمال نہ کریں۔ اُس نے اپنی ایڈوائزری میں کہا ہے کہ زمینی سرحدی مقامات کی جانب کوئی بھی نقل وحرکت سفارتخانے سے معقول رہنمائی حاصل کرنے کے بعد کی جانی چاہئے۔ اُس نے کہا ہے کہ وہ اُن لوگوں کو کوئی بھی مدد فراہم کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہوگا جو ایران سے باہر چلے گئے ہیں اور کسی تیسرے متعلقہ ملک میں داخل نہیں ہو پا رہے ہیں۔ تہران میں بھارتی سفارتخانہ اپنے ہنگامی رابطہ ہیلپ لائن نمبروں کے ذریعے بھارتی شہریوں کیلئے دستیاب ہے۔

یہ ہیلپ لائن نمبر ہے۔

+ نو آٹھ، نو ایک دو، آٹھ ایک صفر، نو ایک ایک پانچ

+ نو آٹھ، نو ایک دو، آٹھ ایک صفر، نو ایک صفر دو

اور ای–میل کے ذریعے cons.tehran@mea.gov.in پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔x

Delhi Airport Advisory

دلّی ہوائی اڈّے نے مغربی ایشیا میں جاری صورتحال کے درمیان سفر سے متعلق ایک ایڈوائزری جاری کی ہے۔ ہوائی اڈّے نے اپنی ایڈوائزری میں کہا ہے کہ مغرب کی سمت جانے والی بین الاقوامی پروازوں میں تاخیر یا اُن کے اوقات میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔ دلّی ہوائی اڈّے نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ہوائی اڈّہ روانہ ہونے سے قبل اپنی متعلقہ ایئرلائنس سے تازہ ترین معلومات حاصل کرلیں۔ اُس نے مسافروں سے ہوائی اڈّے کی ویب سائٹ سے رابطہ قائم کرنے کو کہا ہے۔ ہوائی اڈّے نے مزید اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ دیگر سبھی پروازیں پروگرام کے مطابق چلیں گی۔ اس دوران، انڈیگو ایئرلائنس نے کہا ہے کہ اُس کی کچھ پروازیں موجودہ صورتحال کے پیشِ نظر طویل راستہ اختیار کرسکتی ہیں یا اُن کا راستہ تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ ایئر لائن کمپنی نے مطلع کیا کہ دلّی سے مانچیسٹر تک اُس کی پرواز کو آخری وقت میں فضائی حدود کی پابندی کے سبب واپس لوٹنا پڑا تھا۔x

Business Capsule

گھریلو حصص بازار میں آج ایک اعشاریہ سات فیصد سے زیادہ کی کمی آئی۔ وہیں عالمی خام تیل کی قیمتیں آج تقریباً 120 امریکی ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئیں جو 2022 کے بعد سے، سب سے زیادہ ہیں۔Sensex میں ایک ہزار 353 پوائنٹس کی کمی آئی اور یہ 77 ہزار 566 پر بند ہوا جبکہ نفٹی میں 422 پوائنٹس کی گراوٹ آئی اور یہ 24 ہزار 28 پر بند ہوا۔x

FIH Hockey Half Time

FIH ہاکی عالمی کپ 2026 کوالیفائرس میں حیدرآباد میں پول بی میچ، بھارتی خواتین ٹیم اور اسکاٹ لینڈ کے درمیان جاری ہے۔اب سے کچھ دیر پہلے تک چوتھے کوارٹر کا کھیل جاری ہے اور دونوں ٹیمیں دو–دو گول سے برابر ہیں۔بھارتی ٹیم ہاف ٹائم میں دو–ایک سے آگے تھی۔ کَل بھارتی ٹیم نے Uruguay سے چار–صفر سے جیت حاصل کی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆